معروضی سوالات

المعتقد المنتقد (سوالات:240)

مؤلفہ: **سیّدہ ام زینب**

مزید نوٹس کے لیے رابطہ کریں:

0302-4154930

AL- FAREED ONLINE ACADEMY

بسم اللہ الرحمن الرحیم

Date: ________ Day: M T W T F S

المعتقد المنتقد

ایم سی کیوز: 40 %

الٰہیات

1: جمہور اہل سنت و جماعت کے نزدیک مسائل اعتقادیہ کی معرفت کس پر فرض عین ہے؟
i: ہر صاحب دل پر ii ہر عالم پر iii ہر عاقل بالغ مسلمان پر iv صرف فقہاء پر

2: جو شخص ان مسائل میں اختلاف کرے جو بدیہیۃً اصول دین ہیں۔ اس کا کیا حکم ہے۔
i وہ گنہگار مسلمان ہے ii فاسق ہے iii بدعتی ہے iv کافر ہے

3: ان مسائل میں جن کا تعلق ضروریات دین سے نہیں، ایک جماعت کا کیا مذہب ہے؟
i ان کا منکر کافر ہے ii ان کا مخالف گنہگار ہے iii ان کا مخالف قابل تاویل ہے iv ان کا مخالف مسلمان

4: استاد ابو اسحاق کے نزدیک وہ شخص جو اہل سنت و جماعت کو کافر کہے خود کیا ہے؟
i گمراہ ii فاسق iii خود کافر iv مجتہد

5: جمہور فقہاء کے نزدیک ایسے مسائل میں جن کا ضروریات دین سے ہونا ثابت نہیں انکار کرنے والے کے بارے میں کیا حکم ہے؟
i کافر ہے ii مومن ہے iii اس کے کفر کا حکم نہیں iv منافق ہے

6: ایسے شخص کو کیا کہا جائے گا جو ان کا خلاف کرے جو ضروریات دین سے نہیں؟
i بدعتی اور فاسق العقیدہ ii کافر iii منافق iv مجتہد

7: اصول دین میں اختلاف کے بارے میں کیا بات واجب ہے؟
i سکوت کرنا ii تعیین و تصویب حق iii اجتہاد iv تاویل

8: اصول دین میں اجتہاد کے بارے میں کیا کہا گیا ہے؟
i جائز ہے ii مکروہ ہے iii ممنوع (یعنی جائز نہیں) iv مستحب ہے

9: فروع میں اجتہاد کب جائز ہے؟
i جب ائمہ کا اجماع ہو ii جب ائمہ کا اجماع نہ ہو iii جب عوام چاہیں iv کبھی نہیں

10: اہل سنت میں اختلاف اور فرقہ بندی کب شروع ہوئی؟
i خلافت عباسیہ کے زمانہ میں ii خلفائے راشدین کے آخر میں iii نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم کے وصال کے بعد iv تابعین کے دور میں

11: حضور صلی اللہ علیہ وسلم کی امت میں حق پر غالب رہنے والا گروہ کس صفت سے متصف رہا؟
i خاموشی اختیار کرنے والا ii جہاد کرنے والا iii کنارہ کش

12: نجد میں کس کا گروہ ظاہر ہوا؟

• صحابہ کا • علماء کا • شیطان کا • محدثین کا

13: مصنف کو کتاب لکھنے کا حکم کہاں دیا گیا؟

• بغداد میں • حرمت والے شہر مکہ مکرمہ میں • مدینہ میں • مصر میں

14: مصنف کو کس مضمون پر کتاب لکھنے کا حکم دیا گیا؟

• فقہ • تفسیر • علم عقائد و کلام • سیرت

15: کتاب میں کس گروہ کی گمراہیوں کا رد کیا گیا ہے؟

• خوارج • نجدیوں • قدریہ • جہمیہ

16: مصنف نے اپنی کتاب کا نام کیا رکھا؟

• العقیدۃ الصحیحہ • المعتقد المنتقد • الفتح المبین • اصول الایمان

17: کتاب کا سن تالیف کیا ہے؟

• ۱۲۶۰ھ • ۱۲۱۵ھ • ۱۲۷۰ھ • ۱۲۹۰ھ

18: حکم کی کل کتنی قسمیں ہیں؟

• 02 • 03 • 04 • 05

19: حکم کی (3) اقسام کون سی ہیں؟

• عقلی، طبعی، شرعی • عقلی، حسی، عرفی • عقلی، عادی، شرعی • شرعی، دینی، عقلی

20: حکم عادی میں تخلف ممکن ہے یا نہیں؟

• ممکن نہیں • ممکن ہے • بالکل لازم ہے • شرعاً ناجائز ہے

21: حکم شرعی کس سے متعلق ہوتا ہے؟

• حیوانات سے • جمادات سے • افعال مکلفین سے • عقلی احکام سے

22: اگر شارع فعل و ترک دونوں کو اختیار دے تو یہ کس نسبت کا حکم ہے؟

• وجوب • حرمت • کراہت • اباحت

23: اصول دین کی بنیاد کتنی قسموں پر ہے؟

• 02 • 03 • 04 • 05

24: واجب کی کتنی اقسام ہیں؟

• 02 • 03 • 05 • 04

25: اصول دین کی (3) بنیادیں کون سی ہیں؟

• ایمان، عمل، احسان • واجب، جائز، ممتنع • عقل، نقل، اجماع • شرع، عادت، عقل

26: ممتنع سے کیا مراد ہے؟

• جو عقل میں ممکن ہو • جو شرعاً جائز ہو • جو عقل میں ممکن نہ ہو • جو صرف عادت سے ثابت ہو

27: حکم عقلی کی تینوں اقسام کا جاننا اکثر علماء کے نزدیک کس پر فرض عین ہے؟

• ہر انسان پر • ہر مسلم پر • ہر بالغ پر • ہر عاقل بالغ مکلف پر

28: ماتریدیہ کے نزدیک حکم عقلی کی تینوں اقسام کا جاننا کس پر فرض عین ہے؟

• ہر عاقل بالغ پر • ہر عاقل پر اگرچہ نابالغ ہو • ہر بالغ پر • صرف مکلف پر

29: رسولوں کے حق میں واجب، ممکن اور محال کا جاننا کیا ہے؟

• فرض کفایہ • سنت • نفل • فرض عین

30: وہ علم جس میں اللہ، رسول اور آخرت سے متعلق عقائد کی بحث ہوتی ہے کیا کہلاتا ہے؟

• علم کلام / عقائد / توحید • علم فقہ • علم حدیث • علم تفسیر

31: علم کلام کا موضوع کیا ہے؟

• فقہی احکام • لغوی مفاہیم • وہ معلومات جن پر عقیدہ دینیہ موقوف ہے • صرف سمعی دلائل

32: علم کلام کے مسائل کن قضایا میں ہوتے ہیں؟

• حسی • نظری، شرعی، اعتقادی • عقلی و سمعی • فقہی و عملی

33: ضروریات دین میں کس چیز کی گنجائش نہیں؟

• تاویل • تکرار • تجسیم • تشکیک

34: ضروریات دین کے "علم بالضرورت" کا اطلاق کس معنی میں جائز ہے؟

• حقیقی معنی میں • بطریق تشبیہ • بدیہی کے معنی میں • لغوی معنی میں

35: احکام شرعیہ باعتبار اصل کیا ہیں؟

• بدیہی • سمعی • نظری • وجدانی

36: احکام شرعیہ کے نظری ہونے کی وجہ مطلق کیا ہے؟

• ان کا ثبوت نبوت کے بعد ہوتا ہے • وہ عقل سے معلوم نہیں ہوتے • وہ صرف فقہی مسائل ہیں • وہ وجدانی دلائل پر مبنی ہیں

37: نبوت کا ثبوت کس چیز کے بغیر ممکن نہیں؟

• وحی • عقل • معجزہ • اجماع

38: معجزہ کی معرفت کس نوع کی ہے؟

- بدیہی
- نظری
- تجربی
- حسی

39: وہ مسائل جن کا اعتقاد مکلفین پر واجب ہے، ان کا تعلق کس سے ہے؟

- انبیاء علیہم السلام سے
- فرشتوں سے
- خداوند برحق سے
- آخرت سے

40: اللہ تعالیٰ کے حق میں کون سی تین چیزوں کا جاننا لازم ہے

- واجب، جائز، محال
- ایمان، احسان، اسلام
- صفات، اسماء، افعال
- نبوت، وحی، رسالت

41: ہر مکلف پر سب سے پہلا واجب عقیدہ کیا ہے؟

- نبوت کی معرفت
- توحید کا اقرار
- اللہ کی معرفت
- رسالت کی تصدیق

42: اللہ کی حقیقتِ ذات اور کنہِ صفات کی معرفت کا کیا حکم ہے؟

- واجب
- مستحب
- مباح
- عقلاً و شرعاً محال

43: علماء کے نزدیک معرفت کی کتنی اقسام بیان کی گئی ہیں؟

- 02
- 03
- 04
- 05

44: معرفت کی پہلی قسم کون سی ہے؟

- عیانیہ
- کشفیہ
- حقیقیہ
- برہانیہ

45: معرفت عیانیہ کن لوگوں کو حاصل ہوگی؟

- انبیائے کرام کو
- دنیا میں اولیاء کو
- صرف فرشتوں کو
- اہل جنت کو

46: معرفت کی چوتھی قسم کون سی ہے

- معرفت حقیقیہ
- معرفت عیانیہ
- معرفت برہانیہ
- معرفت کشفیہ

47: معرفت برہانیہ میں کس چیز کا علم حاصل کیا جاتا ہے؟

- واجب
- ممکن
- محال
- تینوں

48: قرآن کریم معرفت برہانیہ کی کس چیز پر زور دیتا ہے؟

- کشف و مشاہدہ پر
- فکر و نظر اور استدلال پر
- وجدانی کیفیت پر
- تقلید پر

49: اللہ عزوجل کی معرفت کا واجب ہونا کن کے درمیان متفق علیہ ہے؟

- صرف اہل حدیث کے
- صرف فقہاء کے
- تمام مسلمانوں کے
- صرف متکلمین کے

50: اللہ عزوجل کی معرفت تک پہنچانے والی دو چیزیں کون سی ہیں؟

- عقل و فہم
- فکر و نظر
- وحی و الہام
- علم و عمل

51. امام اشعری کے نزدیک "اول واجبات" کیا ہے؟

• نظر و فکر • قصد معرفت • معرفت • ایمان

52. امام اسفرائنی کے نزدیک "اول واجبات" کیا ہے؟

• معرفت • ایمان • قصد معرفت • نظر و فکر

53. قاضی ابوبکر امام الحرمین کے نزدیک "اول واجبات" کیا ہے؟

• نظر و فکر • معرفت کا قصد کرنا • معرفت • ایمان لانا

54. وجود باری تعالیٰ کے بارے میں کیا عقیدہ رکھا گیا ہے؟

• ممکن ہے • جائز ہے • واجب ہے • محال ہے

55. وجود باری تعالیٰ کا واجب ہونا کس اعتبار سے ہے؟

• صرف شرعاً • صرف عقلاً • عرفاً • عقلاً و شرعاً

56. بذاتہ واجب ہونے کا کیا مطلب ہے؟

• کسی علت کے سبب موجود ہو • اپنے مقتضائے ذات سے موجود ہے • کسی واسطے سے موجود ہے • محض عادت سے موجود ہے

57. مجوس کس چیز کو خدا مانتے تھے؟

• پانی • سورج • آگ • چاند

58. صابی کس کی عبادت کرتے تھے؟

• انسانوں کی • فرشتوں کی • درختوں کی • ستاروں کی

59. واجب الوجود لذاتہ کسے کہا گیا ہے؟

• وہ جو مخلوق پر حکومت کرے • وہ جس پر کوئی علت مؤثر نہ ہو • وہ جو مخلوق کی طرف محتاج ہو • وہ جو حادث ہو

60. اگر اللہ واجب الوجود نہ ہو تو کیا لازم آئے گا؟

• تسلسل یا دور • وحدت • علم • ایمان

61. دور اور تسلسل کا حکم کیا ہے؟

• ممکن • مباح • محال • جائز

62. منجملہ واجبات میں قدیم ہونے کا کیا مطلب ہے؟

• طول مدت کے لحاظ سے قدیم ہونا • عرف قدیم کے تحت کوئی زائد معنی شامل ہونا • وجود پر عدم سابق نہ ہونا

63. قدیم کا مطلب طول مدت میں ہے؟

• ہاں • نہیں • کبھی کبھار • غیر یقینی

Date: ______________ Day: M T W T F S

64: طولِ مدت کس کے وصف میں ہے؟

- اللہ تعالیٰ
- عالمِ حادث
- اشیاء
- متبادی

65: اللہ تعالیٰ کے حق میں جملہ واجبات میں بقا کا مطلب ہے؟

- اس کے وجود کا کوئی آغاز نہیں
- اس کے وجود کا کوئی سبب نہیں
- اس کے وجود کی کوئی انتہا نہیں
- اس کے وجود کا کوئی اثر نہیں

66: بقا و قدم کی صفت کس کے لیے شرعی و عقلی دلیل سے ثابت ہے؟

- انسان کیلئے
- فرشتوں کیلئے
- عالم کیلئے
- اللہ تعالیٰ کیلئے

67: اللہ تعالیٰ کے لیے قدم و بقا کا ثبوت کس چیز سے حاصل ہے؟

- صرف عقل سے
- صرف نقل سے
- کتاب و سنت اور اجماعِ امت سے
- صرف اجتہاد سے

68: اگر اللہ تعالیٰ قدیم نہ ہو تو کیا لازم آئے گا؟

- وہ واجب الوجود رہے گا
- وہ محدث کا محتاج ہوگا
- وہ ابدی ہوگا
- وہ غیر محتاج ہوگا

69: قدیم ہونے کا لازمی نتیجہ کیا ہے

- فنا ہونا
- حدوث
- محتاجی
- بقا

70: مذہبِ مختار کے مطابق قدم و بقا کس قسم کی صفات ہیں؟

- صفات نفسیہ
- صفات سلبیہ
- صفات فعلیہ
- صفات ثبوتیہ

71: بعض علماء کے نزدیک قدم و بقا کس قسم کی صفات میں شامل ہیں

- صفات نفسیہ
- صفات سلبیہ
- صفات فعلیہ
- صفات خبریہ

72: مواقف کے مصنف کے نزدیک "جمہور" سے مراد کون ہیں؟

- جمہور اشاعرہ
- جمہور معتزلہ
- جمہور محدثین
- جمہور فقہاء

73: قاضی کے مطابق اگر کوئی اللہ کی الوہیت و وحدانیت کا معترف ہو مگر اسے "غیر قدیم" یا "حادث" جانے تو اس کا حکم کیا ہے؟

- فاسق
- گمراہ
- کافر
- منافق

74: اگر کوئی اللہ کے لیے "بیٹا"، بیوی یا والد مانے تو وہ کیا قرار پائے گا؟

- گمراہ
- مشرک
- مبتدع
- کافر

75: اگر کوئی مانے کہ عالم کا خالق یا مدبر اللہ کے سوا کوئی ہے تو وہ؟

- گناہ گار
- کافر
- متکلم
- مبتدع

76: غیر اللہ کے لیے تاثیر کس صورت میں ممکن ہے؟
- مطلقاً ممکن ہے
- ممکن نہیں
- باذن اللہ ممکن ہے
- شرک ہے

77: لو کان فیہما آلہۃ الا اللہ لفسدتا سے کس دلیل پر استدلال کیا گیا ہے؟
- برہان التمانع
- برہان نظم
- برہان امکان
- برہان حدوث

78: برہان التمانع کا دوسرا نام کیا ہے؟
- برہان نظم
- برہان نظر
- برہان امکان
- برہان حدوث

79: علماء کا اس بات پر اتفاق ہے کہ "برہان تمانع" کس نوع کی دلیل ہے؟
- ظنی
- خطابی
- قطعی
- تمثیلی

80: سعد الدین تفتازانی کے نزدیک یہ دلیل کس نوع کی ہے؟
- عقلی قطعی
- ظنی
- فلسفی
- عادی

81: ابن ہمام کے نزدیک آیت "لو کان فیہما آلہۃ ------" کی نوعیت کیا ہے؟
- دلیل خطابی
- دلیل ظنی
- دلیل عقلی ظنی
- دلیل قطعی

82: اللہ کے لیے دو خداؤں کا وجود کیوں محال ہے؟
- کیونکہ وہ ایک دوسرے سے تعاون کریں گے
- کیونکہ ہر ایک دوسرے پر غلبہ چاہے گا
- کیونکہ ان میں محبت ہوگی

83: علم قطعی کے مفہوم میں کون سی چیز ماخوذ نہیں؟
- علم کی مطابقت واقع
- معلوم کی نفس کی صفت
- یقین کا ظہور
- دلیل موجب کا یقین

84: علم برہانی کا درجہ کس کے برابر ہے؟
- علم نظری
- علم الیقین
- علم ظنی
- علم خطابی

85: بعض علماء نے اس شخص کو کافر کہا جو آیت کریمہ میں فساد کا لزوم ______ سمجھتا ہے؟
- عقلی
- لغوی
- اقتناعی باطنی
- وجدانی

86: ابن ہمام نے اپنے استدلال میں کس عالم کے اقوال سے اختلاف کیا ہے؟
- سعد الدین تفتازانی
- امام رازی
- سید الشریف جرجانی
- علامہ ایجی

87: متکلمین کے درمیان مشہور عقلی دلیل کون سی ہے؟
- برہان حدوث
- برہان امکان
- برہان تمانع
- برہان علیت

88: برہان تمانع میں کس دو چیزوں کے تضاد کو فرض کیا جاتا ہے؟
- ارادہ علم
- حرکت و سکون
- قدرت ارادہ
- وجود عدم

89: اگر دو خدا مان جائیں تو ان کے درمیان کیا ممکن ہوگا؟

- تمانع
- توارد
- تواطؤ
- تسلیم

90: اگر دو خداوں کی چاہت پوری ہو جائے تو کیا لازم آئے گا؟

- اجتماع نقیضین
- اجتماع ضدین
- ارتفاع ضدین
- امکان حادث

91: اگر دو خداوں کی چاہت پوری نہ ہو تو کیا لازم آتا ہے؟

- قدرت
- ارادہ
- عجز
- وجوب

92: تعدد الٰہین کیا چیز مستلزم ہے؟

- علم
- امکان تمانع
- عجز
- وجوب وجود

93: ابن ابی شریف نے شرح مسایرہ میں کس عالم کے کلام پر نظر کی؟

- مولی سعد الدین
- امام رازی
- شیخ عبد القاہر
- امام ایجی

94: سعد الدین کے بعض معاصر کون تھے؟

- علامہ رازی
- امام جوینی
- امام ابوبکر
- عبد اللطیف کرمانی

95: معجزے کے ظہور کے ساتھ نبی کے سچے ہونے کا علم کس کے ذریعے حاصل ہوتا ہے؟

- عقل
- عادت
- نقل
- وحی

96: اللہ تعالی کے لیے عجز ثابت کرنا کیا ہے؟

- توحید
- تشبیہ
- تعطیل
- کفر

97: "اللہ الصمد" کا معنی کیا ہے؟

- بے نیاز
- بلند
- عظیم
- دائم

98: "لیس کمثلہ شیء" سے کیا ثابت ہوتا ہے؟

- تشبیہ
- تنزیہ
- تجسیم
- امکان

99: "ضمیر" سے مراد بعض مفسرین کے نزدیک کیا ہے

- اس کی ذات
- اس کا عرش
- اس کی صفات
- اس کا علم

100: صفات سلبیہ کی تعداد کتنی بیان کی گئی ہے؟

- تین
- چار
- پانچ
- چھ

101: صفات سلبیہ کے بعد کون سی صفت کا ذکر کیا گیا ہے؟

- قدرت
- وجود
- علم
- ارادہ

102: صفت وجود کو کس نام سے موسوم کیا گیا ہے؟
- سلبیہ
- نفسیہ
- فعلیہ
- خبریہ

103: اشاعرہ کے نزدیک صفت وجود کیا ہے؟
- عین ذات
- زائد علی الذات
- حادث
- غیر موجود

104: امام رازی نے ایک مقام پر اشاعرہ سے کیا اتفاق کیا ہے؟
- کہ وجود عین ذات ہے
- کہ وجود زائد علی الذات ہے
- کہ وجود حادث ہے
- کہ وجود عدم کے مساوی الامکان ہے

105: وجود اگر غیر ذات ہو تو کیا قرار پائے گا؟
- افعال میں سے
- ذوات میں سے
- صفات میں سے
- اعیان میں سے

106: جمہور اہلسنت کے نزدیک "حیات" کی تعریف کیا ہے؟
- صفت عدمیہ
- صفت وجودیہ قائم بذاتہ
- صفت حادثہ
- صفت عرضیہ

107: "حیات" کس چیز کے لیے شرط ہے؟
- ارادہ و کلام
- سمع و بصر
- بقا و قدم
- علم و قدرت

108: فلاسفہ اور بعض معتزلہ کے نزدیک "حیات" کی تعریف کیا ہے؟
- علم و قدرت کا صحیح ہونا
- صفت وجودیہ
- ذات سے قائم
- کیفیت معتدل

109: انسان کے حق میں "حیات" کیا ہے۔
- کیفیت ذاتیہ
- صفت سلبیہ
- کیفیت
- اوحدی

110: انسان کے لیے "حیات" کی شرط کیا ہے؟
- علم و ارادہ
- حس و حرکت ارادیہ
- ادراک و کلام
- ادراک و سمع

111: "مزاج نوعی کا اعتدال" کن کے حق میں کیا گیا ہے؟
- اللہ تعالیٰ
- ملائکہ
- جنات
- مخلوق

112: "مزاج نوعی کا اعتدال" سے کیا مراد ہے؟
- جسمانی توازن
- روحانی قوت
- ذہنی سکون
- فکری حرکت

113: "اللہ کی صفت غیر حقیقی نہیں" سے کیا مراد ہے؟
- صفات ظاہری
- صفات مخلوق کے مشابہ
- صفات مجازی نہیں
- صفات محدود

114: قدیر کا معنی کیا ہے؟
- علم والا
- طاقت والا
- سننے والا
- دیکھنے والا

115: ایجاد عالم اور ترک ایجاد دونوں ممکن ہیں۔ اس سے کیا ثابت ہوتا ہے

• قدرت ناقص ہے • قدرت محتاج ہے • قدرت الٰہی کامل ہے • قدرت محدود ہے

116: فلاسفہ نے "قدرت" کے کس معنی کا انکار کیا؟

• اشیاء کا اختیار سے عمل میں آنا • اللہ کی قوت • اللہ کا ارادہ • شئی کی مشیت

117: "صفت کمالیہ" سے کیا مراد ہے؟

• وہ صفت جو حادث • وہ صفت جو نقص سے پاک ہو • وہ صفت جو ممکن ہے • وہ صفت جو محدود ہے

118: فلاسفہ کے نزدیک اللہ تعالیٰ کے مقدورات میں کیا ممکن نہیں؟

• جو عالم مشاہد سے کم تر ہو • جو عالم مشاہد کے برابر ہو • جو عالم مشاہد سے زیادہ بہتر ہو • کوئی بھی ممکن نہیں

119: عقیدہ حق کے مطابق اللہ تعالیٰ کا مقدور کیسا ہے؟

• محدود ہے • غیر متناہی ہے • محصور ہے • غیر معلوم ہے

120: کس کتاب میں عقیدہ اہل سنت وجماعت کی تصریح فرمائی گئی؟

• تفسیر کبیر • کتاب الایمان • شرح عقیدہ اہل سنت وجماعت • اصول الفقہ

121: کتاب التوکل میں جو بات عقیدہ خلاف پر دلالت کرتی ہے وہ کس بنیاد پر صادر ہوئی؟

• فلاسفہ کے طریقے پر • جبر پر • قدر پر • تقلید پر

122: کتب کے مطابق واجب و مستحیل قدرت وارادہ سے کیوں خارج ہیں؟

• کیونکہ وہ معدوم ہیں • کیونکہ ان دونوں سے قدرت وارادہ متعلق نہیں ہوتی • کیونکہ وہ ممکنات ہیں • کیونکہ وہ تاثیر نہیں رکھتے

123: قدرت وارادہ کا تعلق کن چیزوں سے نہیں ہوتا؟

• ممکنات سے • حوادث سے • امور وجودیہ سے • واجب و مستحیل سے

124: قدرت وارادہ کی تاثیر کے لیے کیا لازم ہے؟

• قدم • دوام • عدم کے بعد وجود • بقا

125: واجب پر قدرت وارادہ کا اثر کیوں نہیں ہوتا؟

• کیونکہ وہ اصلاً قابل عدم نہیں • کیونکہ وہ قابل وجود نہیں • کیونکہ وہ ممکن ہے • کیونکہ وہ واجب ہے

126: اگر محال پر قدرت وارادہ کا اثر ممکن ہو تو کیا لازم آئے گا

• قلب حقیقت • فنا • دوام • حدوث

127: قدرت وارادہ کے باطل تعلق کی صورت میں کیا باقی نہیں رہے گا؟

• عقل • نقل • ایمان • یہ سب کا سب

128: واجب و محال پر قدرت و ارادہ کے متعلق نہ ہونے کی وجہ کیا ہے؟

- قصور متعلق میں ہے
- قصور ذات میں ہے
- قصور اثر میں ہے
- قصور فعل میں ہے

129: اگر قدرت و ارادہ کا تعلق اپنے آپ کو معدوم کرنے سے ہو تو کیا لازم آئے گا؟

- ایمان کی تکمیل
- معرفت کاملہ
- فساد عظیم
- علم الیقین

130: بعض اہل بدعت اشقیاء نے کس عقیدے کی نقیض کی تصریح کی؟

- عقیدہ قدرت الٰہی کی
- عقیدہ علم الٰہی کی
- عقیدہ حیات الٰہی
- عقیدہ وحدانیت کی

131: ابن حزم نے کس کتاب سے بدعتی کا قول نقل کیا ہے؟

- الاحیاء
- المسایرہ
- التمہید
- الملل والنحل

132: عجز کب ہوتا ہے؟

- جب قصور جانب ارادہ سے ہو
- جب قصور جانب قدرت سے ہو
- جب قصور جانب علم سے ہو
- جب قصور جانب فعل سے ہو

133: ابلیس حضرت ادریس کے پاس کس صورت میں آیا؟

- سانپ کی صورت میں
- بندر کی صورت میں
- انسان کی صورت میں
- روشنی کی صورت میں

134: مطالب وفیہ میں "الکافر" سے مراد کون ہے؟

- نابلسی
- ابن حزم
- امام غزالی
- ابو اسحاق

135: "ممکن" سے مراد کس چیز کو لیا گیا ہے؟

- جو ہمیشہ موجود رہے
- جس کا لذاتہٖ وجود واجب ہو نہ عدم واجب
- جو صرف معدوم ہو
- جو صرف جوہر ہو

136: نابلسی کے بیان کے مطابق ممکن میں کیا شامل ہے؟

- صرف جوہر
- صرف عرض
- صرف موجودات
- ہر کلی و جزئی کا وجود و عدم

137: ممتنع لغیرہ سے قدرت ازلیہ کے تعلق کے بارے میں کتنے اقوال ہیں؟

- 03
- 02
- 04
- 01

138: فاسد تقدیر کا انجام کیا بتایا گیا ہے؟

- کرامات میں اضافہ کرتی ہے
- اضداد کو مضبوط کرتی ہے
- اس سے ایمان باقی نہیں رہتا
- معتزلہ کی تائید کرتی ہے

139: امام غزالی نے "خالق کل شیء" سے کیا مراد لیا؟

- اس سے اسکی ذات و صفات خارج ہیں
- سب چیزیں شامل ہیں
- مخلوق و خالق دونوں شامل ہیں

140: صفات علم وجود و عدم سے متعلق ہیں، کتنی اقسام میں منقسم ہیں؟

- 02
- 04
- 03
- 05

Date: ______ Day: M T W T F S

141: اسباب علم کے نزدیک موجودات ان میں سے کسی ایک سے خارج نہیں:

- واجب الوجود
- جائز الوجود
- ممتنع الوجود
- یہ تمام

142: واجب الوجود سے مراد کون ہے؟

- تمام ممکنات
- باری تعالیٰ
- مخلوق
- عرش و فرش

143: واجب الوجود کے لیے کون سی صفات ثابت ہیں؟

- ذاتِ قدیمیہ
- حادثہ و عارضہ
- صفاتِ مخلوق
- علاماتِ نقصان

144: حق اللہ تعالیٰ کے لیے کون سی صفات محال ہیں؟

- صفاتِ کمال
- صفاتِ قدیمہ
- صفاتِ خلق
- صفاتِ جلال

145: ممکن الوجود کس کو کہا گیا ہے؟

- صرف ملائکہ کو
- صرف انسان کو
- تمام عالم کو
- صرف عرش کو

146: اللہ نے عالم کو کس حالت کے بعد پیدا فرمایا

- بعد از وجود
- بعد از علم
- بعد از حرکت
- بعد از عدم

147: اللہ تعالیٰ عالم کو کس طرح معدوم فرمائے گا؟

- مخلوق کے ارادے سے
- اپنے ارادے کے مطابق
- خود بخود
- اتفاقاً

148: "پیش بندی اور تمہید" کا مطلب ہے،

- ابتداء میں وضاحت کے لیے بات کہہ دینا
- کسی بات کو رد کرنا
- مثال کے طور پر بیان کرنا
- کوئی نیا مسئلہ بیان کرنا

149: عالم سے مراد ہے؟

- صرف زمین
- صرف آسمان
- اللہ عزوجل کے ماسوا تمام اشیاء
- صرف انسان

150: اللہ تعالیٰ کے لیے صفاتِ نقصان یا صفاتِ خلق کا اثبات:

- درست ہے
- باطل اور کمال کے منافی ہے
- جزوی طور پر درست ہے
- ممکن ہے

151: صانع عالم کے بارے میں عقیدہ اہل سنت یہ ہے کہ

- حادث ہے
- ممکن ہے
- معدوم ہے
- قدیم ہے

152: عالم کا قدیم ہونا

- صحیح عقیدہ ہے
- ممکن ہے
- محال اور باطل عقیدہ ہے
- فرعی مسئلہ ہے

153: شریکِ باری تعالیٰ ہونا عقلاً

- محال ہے
- واجب ہے
- مباح ہے
- ممکن ہے

154: محال کی کتنی اقسام بیان کی گئی ہیں؟

- 02
- 04
- 03
- 05

155: محال کی تین بنیادی اقسام کون سی ہیں؟

- عقلی، شرعی، طبعی
- عقلی، شرعی، عادی
- ظنی، یقینی، عادی
- شرعی، عقلی، طبعی

156: ہر محال عقلی کا ظاہری معنی میں کیا حکم ہے؟

- کبھی ممکن ہوسکتا ہے
- کبھی شرعی طور پر جائز ہوتا ہے
- صرف ظاہری طور پر محال ہے
- شرعاً اور عادۃً محال ہوتا ہے

157: جن نصوص کا ظاہری معنی عقل کے نزدیک محال ہو، ان کے بارے میں کیا حکم ہے؟

- انکار واجب ہے
- ان کی تاویل واجب ہے
- ظاہری عمل کرنا واجب ہے
- ان کو ترک کردینا چاہیے

158: نصوص کی تاویل کس وجہ سے واجب ہوتی ہے؟

- کیونکہ علماء نے کہا
- کیونکہ نصوص قدیم ہیں
- کیونکہ ظاہری معنی کو عقل محال قرار دیتی ہے
- کیونکہ عقل ناقص ہے

159: جب دو دلیلیں باہم متعارض ہوں تو مصنف کے نزدیک ان کی کیا چار حالتیں ہیں۔

- ایک باطل، ایک صحیح
- دونوں ظنی
- ایک عقلی ایک شرعی
- دونوں قطعی، دونوں ظنی یا ایک قطعی اور دوسری ظنی

160: ایک دلیل قطعی ہو اور دوسری غیر قطعی تو کون سی راجح ہوگی؟

- قطعی
- ظنی
- غیر قطعی
- دونوں برابر

161: اگر دونوں دلیلیں ظنی ہوں تو کون سی راجح ہوگی؟

- عقلی
- شرعی
- عملی
- تجربی

162: ہر محال شرعی کا وجود کس طرح محال ہے؟

- عقلاً
- عادۃً
- شرعاً و عقلاً
- کبھی ممکن ہے۔

163: عقلاً کافر کا ہمیشہ دوزخ میں رہنا واجب نہیں، لیکن شرعاً کیا ہے؟

- جائز
- ممکن
- واجب
- باطل

164: جس اعتقاد کو عقل واجب جانے لیکن شرع اس کے خلاف ہو، وہ کس کے قبیل سے ہے؟

- ایمان کے
- اجتہاد کے
- استحسان کے
- الحاد کے

165: اگر کسی اعتقاد کے خلاف دلیل قطعی ہو تو وہ کیا ہوگی؟

- مؤول
- باطل
- واجب
- قطعی

166: اگر کسی اعتقاد کے خلاف دلیل قطعی نہ ہو تو وہ کیا ہوگی؟

- واجب
- ظنی
- باطل
- مؤول

167: مستحیل عادی کس بارے میں بیان فرمایا گیا؟

• صرف شرعاً محال ہے • صرف عادۃً محال ہے • نہ عقلاً محال نہ شرعاً • ظنی ہے

168: تمام محالات عقلیہ سے قدرت باری تعالیٰ کا کیا تعلق ہے؟

• کچھ تعلق ہے • کوئی تعلق نہیں • عادی طور پر تعلق ہے • صرف شرعی طور پر تعلق ہے

169: دن اور رات کا اکٹھا ہونا کس طرح کا محال ہے؟

• عقلی طور پر • عادی طور پر • شرعی طور پر • یہ تینوں

170: "مستحیل عادی" کس وجہ کے ساتھ مطرد ہے؟

• محال شرعی • مستحیل عقلی • ممکن شرعی • جائز عقلی

171: "ایک شے کا فرد بھی ہو اور زوج بھی ہو" یہ کس کی مثال ہے؟

• محال شرعی • محال عادی • محال عقلی • محال عادی

172: دن اور رات کے اجتماع کو محال کیوں کہا گیا ہے؟

• شرعاً ناجائز ہے • قدرت سے باہر • عقل اسکو تسلیم نہیں کرتی • ہر ایک کا وجود دوسرے کا زوال پر موقوف

173: محال عقلی کے بارے میں علماء نے کیا فرمایا

• قدرت الٰہیہ اس سے متعلق نہیں ہوتی • اللہ کی قدرت اس پر بھی جاری ہے • شرعاً ممکن ہے • صرف وہم میں محال ہے

174: دن کی صفت کیا ہے؟

• ظلمت • سکون • نور • حرکت

175: رات کی صفت کیا ہے

• روشنی • تاریکی • حرارت • سکون

176: محال شرعی کی مثال کون سی ہے؟

• اونٹ کا سوئی میں جانا • آسمان کا اڑنا • دن اور رات کا جمع ہونا • حیض والی عورت کا روزہ رکھنا

177: محال عادی کی مثال کیا دی گئی؟

• حیض والی کا نماز پڑھنا • کسی کا بغیر پر آسمان میں اڑنا • اللہ کا جھوٹا ہونا • کافر کا دوزخ میں جانا

178: نجدیوں کی گمراہی کی مثال کس قول سے دی گئی؟

• فرشتے بشر بن سکتے • انسان خدا سے پاک ہے • اللہ جھوٹ بولنے پر قادر ہے • قیامت نہیں آئے گی

179: عقائد میں کون سا عقیدہ واجب ہے؟

• اللہ سمیع و بصیر ہے • اللہ جسم رکھتا ہے • اللہ کے عضو ملتے ہیں • اللہ کو علم نہ ہوتا ہے

180: اللہ سنتا ہے بغیر کان اور آنکھ کے؟
- بغیر علم کے
- بغیر ارادے کے
- بغیر کان اور آنکھ کے
- بغیر وجود کے

181: ان دو صفتوں (سمع و بصر) کا معدوم ہونا کس چیز کی علامت ہے؟
- نقص
- کمال
- نور
- قدرت

182: جمہور اہل سنت کے نزدیک سمع و بصر کا درجہ کیا ہے؟
- علم ہی کا حصہ
- اللہ کی ذات میں داخل
- صفات مخلوق میں سے
- علم کے علاوہ دو مستقل صفات

183: انبیاء کرام نے کس بات پر اجماع فرمایا؟
- اللہ متکلم ہے
- اللہ تعالیٰ واجب الوجود ہے
- اللہ خالق ہے
- اللہ قادر ہے

184: انبیاء کرام سے کس طرح منقول ہوا کہ اللہ کلام فرماتا ہے؟
- بطریق شہرت
- بطریق تواتر
- بطریق اجماع امت
- بطریق استنباط

185: اللہ تعالیٰ کے کلام کی صفت کیسی ہے؟
- حادث اور مخلوق
- صوتی اور زمانی
- قدیم اور قائم بذاتہ تعالیٰ
- صوتی اور محدود

186: لغت میں متکلم اس کو کہتے ہیں جس کی ذات کے ساتھ ___ ہو۔
- آواز قائم ہو
- نقطہ قائم ہو
- زبان قائم ہو
- کلام قائم ہو

187: معتزلہ کے نزدیک تکلم الٰہی کی حقیقت کیا ہے؟
- کسی جسم میں حروف و آواز پیدا کرنا
- ازلی صفت الٰہی
- نور کی کیفیت
- سکوت کی حالت

188: اہل سنت کے نزدیک اللہ کا کلام کیا ہے؟
- حرف آواز ہے
- صرف حرف ہے
- نہ حرف ہے نہ آواز
- معلوم نہیں

189: امام اشعری کے نزدیک کلام نفسی کا کیا حکم ہے
- سنا جا سکتا ہے۔
- صرف سمجھا جا سکتا ہے
- صرف دیکھا جا سکتا ہے
- وہ غیر موجود ہے

190: لقب "کلیم اللہ" کی وجہ تخصیص کیا بیان کی گئی ہے؟
- نبوت کی مقبولیت
- معجزات کی کثرت
- حضرت موسیٰ کا بالواسطہ کلام الٰہی سننا
- حضرت موسیٰ کا بلاواسطہ کلام الٰہی سننا

191: کلام کا اطلاق کن معنی پر ہوتا ہے؟
- معنوی پر
- لفظی پر
- معنوی اور لفظی دونوں پر
- ان میں سے کوئی نہیں۔

192: کلام نفسی اور لفظی کا تعلق کس نوعیت کا ہے؟
- سکوت
- نقص
- کمال
- جہل

193: معنی کا متکلم کے نفس میں قائم ہونا کن دو چیزوں کی فرع ہے؟
- عقل و ارادہ
- سمع و بصر
- علم و تلفظ
- نور و دل

194: شے کے لیے کتنے طرح کے وجود بیان کیے گئے ہیں؟
- 04
- 03
- 02
- 05

195: شے کا وجود اعیان میں کیسا ہے؟
- مجازی
- خیالی
- ظنی
- حقیقی

196: شے کا وجود ذہن میں کیسا ہے؟
- ظاہری
- حقیقی
- مجازی
- عقلی

197: شے کا وجود عبارت اور کتابت میں کیسا ہے؟
- مجازی
- حقیقی
- عقلی
- ظاہری

198: مکتوب کس پر دلالت کرتا ہے؟
- ذہن پر
- عبارت پر
- خارج پر
- مصحف پر

199: عبارت کس پر دلالت کرتی ہے
- مصحف پر
- حروف پر
- مکتوب پر
- ذہن میں موجود شے پر

200: قرآن غیر مخلوق ہونے سے مراد کیا ہے؟
- وہ حقیقت جو خارج میں موجود ہے
- وہ الفاظ جو ہم پڑھتے ہیں
- وہ معانی جو ذہن میں ہے
- وہ اشکال جو لکھے گئے ہیں

201: "میں نے آدھا قرآن پڑھا" اس جملے میں قرآن سے مراد کیا ہے؟
- خارج میں موجود حقیقت
- اشکال منقوشہ
- معنی ذہنی
- بولے گئے الفاظ

202: "میں نے قرآن حفظ کیا" اس میں قرآن سے مراد کیا ہے؟
- حقیقت میں موجود خارج
- وہ الفاظ جو قوت متخیلہ میں ہیں
- وہ الفاظ جو لکھے گئے
- وہ الفاظ جو سنے گئے

203: "قرآن چھونا حرام ہے" سے مراد قرآن کی کون سی صورت ہے؟
- اشکال منقوشہ
- قوت متخیلہ
- خارج میں موجود
- بولے گئے الفاظ

204: آئمہ اصول نے قرآن کی تعریف کس طرح کی؟
- خارج میں موجود حقیقت
- زبان سے ادا کیے گئے الفاظ
- مصاحف میں مکتوب اور تواتر سے منقول
- معانی ذہنی

205: قرآن کو کس چیز کا نام بتایا گیا ہے؟
- نظم کا
- معنی کا
- نظم و معنیٰ دونوں کا

206: حشوی گروہ کے نزدیک اللہ کا کلام کیا ہے؟

- بلا حروف و اصوات
- حروف و اصوات پر مشتمل
- صرف معنی
- صرف عبارت

207: بعض حنابلہ کے ہاں حروف و الفاظ کیا ہیں؟

- قدیم ہیں
- حادث ہیں
- فانی ہیں
- مجازی ہیں

208: کرامیہ کے نزدیک اللہ کا کلام کیا ہے؟

- خارج میں قائم و قدیم
- حروف معنی ہے
- مکتوب شکل میں
- حروف ذکر اور ہیں حادث

209: کرامیہ کے نزدیک ذات باری تعالیٰ کے ساتھ کیا درست ہے؟

- عدم کا تعلق
- سکوت کا قیام
- حوادث کا قیام
- حدوث کا انکار

210: کلام نفسی کس چیز کا غیر ہے؟

- صفت علم
- صفت سمع
- صفت قدرت
- صفت حیات

211: معتزلہ کے اعتراض کے مطابق لفظ ماضی کا استعمال کس پر دلالت کرتا ہے؟

- معنی کے قدیم ہونے پر
- لفظ کے حادث ہونے پر
- کلام کے مخلوق ہونے پر
- وحی کے نزول پر

212: اصل کلام کا منکر کیسا ہے؟

- گمراہ
- فاسق
- منافق
- کافر

213: اگر معنی قائم بذاتہ مراد لیا جائے تو کیا حکم ہے؟

- وہ ظنی ضد ہے
- اس میں تاویل جائز ہے
- اسکا انکار کفر ہے
- وہ اجتہادی مسئلہ ہے

214: سلف کے نزدیک یہ کہنا ممنوع ہے کہ

- قرآن مخلوق ہے
- قرآن قدیم ہے
- قرآن منزل نہیں
- قرآن فقط معنی ہے

215: اللہ تعالیٰ کے بارے میں یہ عقیدہ ہے کہ وہ؟

- مجبور ہے
- مغلوب ہے
- حادث ہے
- صاحب ارادہ ہے

216: ارادہ کس قسم کی صفت ہے؟

- عدمی صفت
- وجودی صفت
- زمانی صفت
- مادی صفت

217: ارادہ کس چیز کی تخصیص کا موجب ہے؟

- صفت علم کی
- صفت قدرت کی
- امر مقدور کی
- صفت سمع کی

218: ارادہ حادث نہیں ہوتا ہر مراد کے لحاظ سے یہ کس فرقے کا رد ہے؟

- کرامیہ کا
- معتزلہ کا
- جہمیہ کا
- قدریہ کا

Date: ________ Day: M T W T F S

219: علم ازلی کا تعلق کس سے ہے؟

- اس تخصیص سے جس کا موجب ارادہ ہو
- مخلوق کے افعال سے
- فرشتوں کے علم سے
- انسان کی نیت سے

220: ذاتِ باری کا محل حوادث ہونا؟

- درست ہے
- محتمل
- باطل ہے
- متنازعہ فیہ

221: ارادہ اور مشیت کا آپس میں کیا تعلق ہے؟

- متضاد ہیں
- مترادف ہیں
- مختلف ہیں
- جداگانہ صفات ہیں

222: ارادہ، مشیت، اختیار تینوں کس کی صفات ہیں؟

- حادث
- شمائلی
- فانی
- قدیم

223: مشیت قدیم اور ارادہ حادث ہے؟ یہ قول؟

- باطل ہے
- درست ہے
- مشہور ہے
- تاویل کے قابل ہے۔

224: اللہ کے فعل کے لئے اس کے ارادہ کا معنیٰ کیا ہے؟

- وہ حادث کا ارادہ کرتا ہے
- وہ ارادہ کے بغیر فعل کرتا ہے
- وہ نہ مجبور ہے نہ مغلوب
- وہ مجبور ہے

225: تمام فرقوں کا کس بات پر اتفاق ہے؟

- اللہ مجبور ہے
- اللہ ارادہ والا ہے
- ارادہ حادث ہے
- مشیت فنا ہو سکتی ہے۔

226: ارادہ کے معنیٰ میں کس چیز پر اختلاف ہوا؟

- فرقوں کے درمیان
- آسمانی کتابوں میں
- احادیث میں
- لغوی معانی میں

227: ابو محمد ابن قتیبہ کے مطابق حفاظِ حدیث کا اجماع کتنی باتوں پر ہے

- 05
- 04
- 06
- 03

228: صحابہ کے دور کون سا عقیدہ ثابت ہے؟

- اللہ کا دیدار ہوگا
- فرشتے ظاہر ہونگے
- دیدار محال ہے
- جنوں کا دیدار

229: شیخین سے مراد کون ہیں؟

- سیدنا علی و عثمان
- سیدنا عمر و علی
- سیدنا ابوبکر و عثمان
- سیدنا ابوبکر و عمر

230: حفاظ حدیث کا چھٹا اصول کیا ہے؟

- جنت و جہنم کا وجود
- عذاب قبر پر ایمان
- لوح و قلم پر ایمان
- تقدیر پر ایمان

231: شرعی شہید "اللہ کی طرف منسوب کی جاتی" یہ کس بنیاد پر ہے

- لغت
- عقل
- فلسفے
- ادب

232: معتزلہ کے مطابق اللہ کن افعال میں ارادہ فرماتا ہے؟

- غیر مخلوق امور
- سب افعال بشر کے
- وہ جو اس کی طاعت ہے
- صرف گناہ و برائیاں

233: معتزلہ کس بات میں اللہ کو منزہ مانتے ہیں؟

- ہر مخلوق میں
- شر کی نسبت اور عیب کے لیے
- خیر کے لیے
- گناہ و معصیت میں

234: اللہ کی معرفت میں سب سے اہم صفت کیا ہے؟

- علیم
- رحیم
- غفور
- قدیر

235: قرآن کی آیت کے مطابق اللہ کا علم کیسا ہے؟

- صرف نیک اعمال پر محیط
- صرف عالم اشیاء پر محیط
- محدود و جزوی
- ہر چیز کو محیط

236: اللہ عزوجل کا علم کیسا ہے؟

- حادث ہے
- صرف ادراک تابع ہے
- ازلی و قائم بذاتہ ہے
- محدود و مخصوص ہے

237: اللہ تعالیٰ کے لیے صفات کو ثابت ماننا کس کا مذہب ہے؟

- جمہور باطنیہ
- تمام اہلسنت
- کرامیہ
- معتزلہ

238: مشبہ گروہ نے صفات باری تعالیٰ کو کس سے تشبیہ دی؟

- صفات خلق
- صفات ذاتیہ
- صفات صمدانی
- صفات حادثہ

239: معتزلہ کے نزدیک اللہ کی صفات میں کونسی دو صفتیں ماورائے ذات اور حادث ہیں

- علم و قدرت
- مشیت و رحمت
- بصارت و سمع
- کلام و ارادہ

240: صفات باری تعالیٰ میں آخری صفت کون سی ہے جس میں اختلاف ہے؟

- قدرت
- مشیت
- علم
- کلام

تمت بالخیر

وآخر دعوانا ان الحمد للہ الذی بنعمتہ تتم الصالحات

تمت بحمد اللہ وتوفیقہ. وصلی اللہ علی سیدنا محمد وآلہ وصحبہ اجمعین